# کتاب نما

**نعیم صدیقی، علمی و ادبی خدمات**، ڈاکٹر عبداللہ شاہ ہاشمی۔ ناشر: ادبیات، رحمان مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔فون: ۰۴۲-۳۷۳۶۱۴۰۸۔صفحات: ۴۹۶۔ قیمت: ۴۰۰ روپے۔

بیسویں صدی میں مسلم نشاتِ ثانیہ میں علامہ اقبال نے اہم کردار ادا کیا۔ ان کے بعد دوسرا بڑا نام مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودی کا ہے جنھوں نے مسلم اُمہ کے درد کو اپنے دل میں محسوس کیا اور ہمہ وقت اس کی چارہ گری اور مسیحائی میں مصروف رہے۔

جناب فضل الرحمٰن، نعیم صدیقی (۱۹۱۶ء-۲۰۰۲ء) مولانا مودودی کے دیرینہ اور قریبی ساتھیوں میں سے تھے۔ وہ ایک پختہ گو شاعر، ادیب، مفکر اور صحافی تھے۔ ان کی قلمی کاوشیں زیادہ تر جماعت اسلامی کی فکر سے وابستہ رسائل و جرائد (ایشیا، چراغ راہ، تسنیم، کوثر اور ترجمان القرآن وغیرہ) میں شائع ہوتی رہیں۔ خود انھوں نے سیارہ کے نام سے ایک وقیع علمی و ادبی جریدہ جاری کیا جو آج بھی حفیظ الرحمٰن احسن کی زیرِ ادارت شائع ہو رہا ہے۔ زیرِنظر کتاب جناب نعیم صدیقی کی علمی و ادبی خدمات پر پی ایچ ڈی کا ایک تحقیقی مقالہ ہے۔

مصنف نے نعیم صدیقی کے سوانح اور خاندانی پس منظر کی تلاش و تحقیق میں خاصی عرق ریزی سے کام لیا ہے۔ نعیم صاحب ہمہ جہت ادیب تھے۔ وہ بہ یک وقت شاعر، افسانہ نویس، مؤرخ، سیرت و سوانح نگار اور طنز نگار تھے۔ مصنف نے ان سب حوالوں سے الگ الگ باب یا ان کی فصول قائم کی ہیں۔ بحث و تمحیص، حوالوں اور معاصرین کے ساتھ موازنے و مقابلے کے بعد نتیجہ اخذ کیا ہے کہ وہ دورِ جدید کے نہایت اہم شاعر، نثر نگار اور سوانح نگار تھے۔ ان کے ہاں شعر و نثر محض لفاظی اور 'ادب برائے ادب' نہیں بلکہ ان کے خیال میں اصلاحِ معاشرہ اور فلاحِ انسانیت زیادہ اہم چیزیں ہیں۔ ان کا شعری و نثری سرمایہ ایک خاص مقصدِ حیات اور ایک متعین نصب العین کا